بلوچستان صوبائی اسمبلی

بروز سوموار مورخہ 31/ مئی 2021ء

نشان زدہ سوالات اور انکے جوابات

(1) محکمہ جنگلات و جنگلی حیات (2) محکمہ آبپاشی

☆323 **میر زابد علی ریکی رُکن اسمبلی** **نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 8 ستمبر 2020**

کیا وزیر جنگلات و جنگلی حیات از راہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

ضلع واشک میں جنگلات کل کتنے رقبے پر محیط ہیں نیز ان کی حفاظت کیلئے تعینات کردہ ملازمین کے تعداد کی تفصیل بھی دی جائے۔

وزیر جنگلات و جنگلی حیات

ضلع واشک کا کل رقبہ 29510 مربع کلومیٹر ہے جس میں سے 611 مربع کلومیٹر جو کہ ضلع کی کل رقبے کا دو فیصد بنتا ہے محکمہ جنگلات کے زیر انتظام ہیں جس میں دو بڑے جنگل آتے ہیں جن کے نام شمسی لورا (پروٹیکٹڈ فارسٹ) اور جھلاوار (پروٹیکٹڈ فارسٹ) جن کا رقبہ بلترتیب 23040 ایکڑ اور 128000 ایکڑ ہے ان جنگلات کی حفاظت کیلئے (02) فارسٹر (03) فارسٹ گارڈ اور (12) گیم واچر تعینات کیے گئے ہیں۔

☆324 **میر زابد علی ریکی رُکن اسمبلی** **نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 8 ستمبر 2020**

کیا وزیر جنگلات و جنگلی حیات از راہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

ضلع واشک میں سال 2018 تا 2020 کے دوران کل کسقدر درختوں کی کٹھائی کی گئی اور محکمہ ہذا کی اجانب سے کل کتنے اشخاص کو جرمانہ کیا گیا ان کے نام بمعہ ولدیت، فی کس کے حساب سے عائد کردہ جرمانہ اور تاریخ جرمانہ کی تفصیل بھی دی جائے

وزیر جنگلات و جنگلی حیات

مہتمم محکمہ جنگلات ضلع واشک نے دفتر ہذا کو بذریعہ چھٹی نمبر 35.36 مورخہ 2 اکتوبر 2020 کے تحت مطلع کیا ہے کہ سال 2020 تا 2018 کے دوران ضلع واشک میں سرکاری جنگلوں میں درختوں کی کوئی کٹائی ریکارڈ پر موجود نہیں ہے اور نہ ہی اس سلسلے میں کسی شخص پر جرمانہ عائد کیا گیا ہے۔

☆397 **میر زابد علی ریکی رُکن اسمبلی** **نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 26 نومبر 2020**

کیا وزیر آبپاشی ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

مالی سال 2020.2021 کے بجٹ میں ضلع واشک سے متعلق کل کتنے ترقیاتی اسکیمات شامل کیے گئے ہیں ان کے نام پی ایس ڈی پی نمبر اور مختص کردہ لاگت کی اسکیم وار تفصیل دی جائے نیز جون 2020 تا حال کل کتنے اسکیموں کی منظوری دی جا چکی ہے ان کی کل تعداد، جاری کردہ لاگت اور تاریخ ٹینڈر کی تفصیل بھی دی جائے

وزیر آبپاشی

محکمہ آبپاشی کی جانب سے مالی سال 2020.2021 کے صوبائی پی ایس ڈی پی میں ضلع واشک سے متعلق کوئی اسکیم شامل نہیں کی گئی ہے تاہم وفاقی پی ایس ڈی پی میں ضلع واشک کے جاری دونوں اسکیموں پر کام جاری ہے تفصیل ذیل ہے۔

1۔ شمسی ڈیم

2۔ واشک ڈیم

☆402 **میر زابد علی ریکی رُکن اسمبلی** **نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 26 نومبر 2020**

کیا وزیر آبپاشی ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

مالی سال 2020.2021 کے بجٹ میں ضلع واشک کیلئے کل کتنی آسامیاں تخلیق کی گی ہیں ان کے نام، گریڈ اور تعداد کی آسامی وار تفصیل دی جائے نیز مذکورہ ضلع میں پہلے سے خالی پڑی ہوئی آسامیوں کی کل تعداد، گریڈ اور ان آسامیوں کو تا حال پُر نہ کرنے کی وجوہات کیا ہیں تفصیل بھی دی جائے۔

وزیر آبپاشی

ضلع واشک جو کہ خاران ایریگشن ڈویژن کے زمرے میں آتا ہے اور مالی سال 2020.2021 کے بجٹ میں ضلع خاران میں ایک آسامی تخلیق کی گئی ہے جو کہ سب ڈویژنل آفیسر (B.17) کی ہے۔

☆419 **حاجی محمد نواز خان کاکڑ رُکن اسمبلی** **نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 2 اپریل 2021**

کیا وزیر آبپاشی ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

جنوری 2014 تا دسمبر 2020 کے دوران صوبہ میں کل کتنے ڈیمز تعمیر کیے گئے ضلعوار تفصیل دی جائے اور مذکورہ عرصہ کے دوران ضلع قلعہ عبداللہ میں تعمیر کردہ ڈیمز، ڈیلے ایکشن ڈیمز اور پروٹیکشن والز کے نام، آمدہ لاگت، علاقہ، تحصیل، یونین کونسل اور مدت تکمیل نیز مذکورہ عرصہ کے دوران محکمہ ہذا کی جانب سے پایہ تکمیل کو پہنچائے جانیوالے وفاقی منصوبوں کی تفصیل بھی دی جائے۔

وزیر آبپاشی

جواب موصول نہیں ہوا۔

☆427 **ملک نصیر احمد شاہوانی رُکن اسمبلی** **نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 7 اپریل 2021**

کیا وزیر آبپاشی ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

کوئٹہ شہر وگردونواح میں موجود برساتی نالوں کی کل تعداد کتنی ہے اور یہ کن کن ناموں سے پہچانے جاتے ہیں تفصیل دی جائے نیز کیا یہ درست ہے کہ ان برساتی نالوں پر غیر قانونی تعمیرات کی جارہی ہیں جس کی وجہ سے بارشوں کے دوران مقامی آبادیاں بُری طرح متاثر ہوتی ہیں اگر جواب اثبات میں ہے تو حکومت ان برساتی نالوں پر غیر قانونی تعمیرات کے خلاف کون کونسے اقدامات اُٹھانے کا ارادہ رکھتی ہے تفصیل دی جائے۔

وزیر آبپاشی

جواب موصول نہیں ہوا۔

کوئٹہ، سیکرٹری،

مورخہ 28 مئی 2021 بلوچستان صوبائی اسمبلی